F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 28/01/2015

قومی اردو کونسل کے زیر اہتمام لٹریچر پینل کی میٹنگ کا انعقاد

مختلف ادیبوں اور قلم کاروں کے مسودات و پروجیکٹس کی اشاعت پر غور وخوض

نئی دہلی۔28 جنوری 2015۔قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے زیر اہتمام لٹریچر پینل کی میٹنگ فروغ اردو بھون میں منعقد ہوئی جس کی صدارت کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری جناب مظفر حسین نے کی۔ ملک کی مختلف ریاستوں سے آئے پینل اراکین کا خیر مقدم کرتے ہوئے کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے کہا کہ معیاری کتابوں کی اشاعت کونسل کے اغراض و مقاصد کا اہم ترین حصہ ہے اور کونسل اب تک بارہ سو سے زائد کتابیں شائع کر چکی ہے جن میں شعر و ادب کی کتابوں کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔انھوں نے آج کی میٹنگ میں شعر و ادب کے حوالے سے موصول ہوئے پروجیکٹس اور مسودات کی روداد پیش کی اور کہا کہ کونسل کو تقریباً 90 مسودات بشمول پروجیکٹس ملک کی مختلف ریاستوں سے کونسل کو موصول ہوئے ہیں جن کی اشاعت پر اس میٹنگ میں غور وخوض کیا گیا۔

اپنے صدارتی کلمات میں کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری جناب مظفر حسین نے کہا کہ ادب میں قومیت کا تصور اجاگر کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور عہدِ حاضر کے قلم کاروں کو اس جانب خصوصی توجہ دینی چاہیے۔انھوں نے کہا کہ عظیم مجاہد آزادی مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت اور ان کی خدمات پر حکومت ہند نومبر میں صد سالہ جلسہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اس سلسلے میں مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل محترمہ اسمرتی زبین ایرانی نے کونسل کو ہدایت کی ہے کہ قومی اردو کونسل اس جلسے کے دوران مولانا آزاد پر ایک جامع کتاب شائع کرے، اس ہدایت پر عمل کرتے ہوئے کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری جناب مظفر حسین نے ملک بھر سے آئے ادیبوں سے اپیل کی کہ وہ اس سلسلے میں اپنی آرا سے کونسل کو مستفید کریں۔انھوں نے کہا کہ کونسل کا ایک وفد جلد ہی محترمہ اسمرتی زبین ایرانی سے ملاقات کرے گا۔مولانا آزاد کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی کے واحد ایسے رکن ہیں جنھوں نے اردو میں دستخط کیے ہیں اس لیے یہ وفد مولانا آزاد کے دستخط پر سکہ جاری کرنے کی بھی تجویز پیش کرے گا۔انھوں نے کہا کہ یہ وفد پدم و دیگر حکومتی اعزازات میں اردو والوں کی گھٹتی نمائندگی پر بھی حکومت کی توجہ مبذول کرائے گا۔اس کے علاوہ اردو زبان و ادب کے متعدد مسائل اور مولانا آزاد کو نصابی کتب میں شامل کیے جانے کی تجویز بھی اس وفد کے ایجنڈے میں شامل ہوگی۔ میٹنگ میں موجود تمام اراکین نے اس پیش رفت کا زبردست خیر مقدم کیا اور کہا کہ یہ ایک خوش آئند قدم ہے۔

میٹنگ میں پینل کے صدر اور مظہر الحق اردو عربی فارسی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اعجاز علی ارشد، پدم شری پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی، پروفیسر شمیم حنفی، جناب نند کشور وکرم، پروفیسر قدوس جاوید، پروفیسر ارتضیٰ کریم، پروفیسر وہاج الدین علوی، پروفیسر علی احمد فاطمی، پروفیسر خالد محمود، پروفیسر شہزاد انجم، پروفیسر حمید سہروردی، پروفیسر مسعود سراج، پروفیسر حسین الحق، ڈاکٹر مشتاق احمد اور کونسل کی رکن محترمہ منوری بیگم کے علاوہ کونسل کے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر جناب فیروز عالم، ریسرچ اسسٹنٹ محمد انصر، ڈاکٹر قاسم انصاری، ٹی اے محترمہ آبگینہ عارف، محترمہ شہناز نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)